ASRC
Asylum Seeker Resource Centre

LGBTQIA+
کو ASRC خوش
آمدید کہتا ہے

# صحت کا پروگرام

**پیر، منگل، جمعرات اور جمعہ**
**(بدھ کو بند)**

10:30بجے صبح - 4:00 بجے شام

03 9274 9898

health@asrc.org.au

تحریری اور زبانی ترجمے کی خدمات دستیاب ہیں




ہم آیبوریجنل اور ٹوریس آئی لینڈر لوگوں کو ان سرزمینوں کے قدیمی لوگوں اور روایتی محافظین کے طور پر تسلیم کرتے ہیں جہاں پر ہم رہتے ، سیکھتے اور ہر روز کام کرتے ہیں۔ ہم ان کا، ان کے رسوم و رواج، ان کی ثقافت، اوران کے ماضی و حال کے بزرگوں کا احترام کرتے ہیں۔ ہم تسلیم کرتے ہیں کہ فرسٹ نیشنز اپنی خودمختاری اور زمینوں سے کبھی سبکدوش نہیں ہوئے۔ یہ سرزمین ہمیشہ سے ایبوریجنل سرزمین تھی اور ہمیشہ رہے گی۔

## آپ کو کیا لانے کی ضرورت ہے:

**ان دستاویزات میں سے جتنی دستاویزات ممکن ہوں:**

- ویزا دستاویزات
- شناختی دستاویزات
- بینک اسٹیٹمنٹ (فارمیسی سپورٹ کے لیے)
- طبی دستاویزات

## صحت کی دیگر مفت خدمات

**وکٹوریہ کی حکومت کی ہدایت کے مطابق، وکٹوریہ میں سیاسی پناہ کے خواہاں تمام لوگ صحت عامہ کی مفت خدمات کے حقدار ہیں، چاہے آپ کے پاس میڈی کیئر ہو یا نہ ہو۔**

صحت عامہ کی خدمات میں یہ شامل ہیں:

- سرکاری ہسپتال
- ہنگامی حالات میں ایمبولینس خدمات
- کمیونٹی ہیلتھ سروسز
- دماغی صحت کے لیے معاونت
- ڈینٹل سروسز
- سفارش کردہ عمرکے بعد حفاظتی ٹیکے لگوانا

اگر آپ کو کسی پیتھالوجی یا امیجنگ ٹیسٹ کی ضرورت ہے تو براہ کرم آکر ہم سے ملیں۔

آپ کواپنے استحقاق کے مطابق مفت صحت کی دیکھ بھال حاصل کرنے کے لیے ہماری مدد کی ضرورت ہو سکتی ہے۔ اگر آپ کو کسی ہسپتال یا صحت کی دیگرخدمات میں صحت کی دیکھ بھال سے انکار کیا گیا ہے، یا اگر آپ کو بل دیا گیا ہے، تو براہ کرم آکر ہم سے ملیں۔



# ہم اپنے ہیلتھ کلینک میں کیا پیش کرتے ہیں

**دندان سازی**

حسب ضرورت رائل ڈینٹل ہسپتال یا کمیونٹی ہیلتھ سروسز کے لیے دانتوں کے ریفرل جاری کروانے  میں مدد۔

**صحت کے بارے میں تعلیم**

صحت کے مسائل کی روک تھام کے لیے مہارت اور علم فراہم کرنے والے باقاعدہ پروگرام۔

**میڈیکل اپائنٹمنٹس**

ASRC Health میں زیادہ تر دنوں میں ایک ڈاکٹر دستیاب ہوتا ہے۔
اگر آپ کے پاس میڈی کیئر نہیں ہے، تب بھی آپ ASRC ہیلتھ کے ڈاکٹر تک رسائی حاصل کر سکتے ہیں، جس کے لیے بُکنگ درکار ہوتی ہے۔
اگر آپ کے پاس میڈی کیئر ہے، تو آپ کسی کمیونٹی ڈاکٹر تک رسائی کے لیے ہماری معاونت حاصل کر سکتے ہیں۔

**ادویات کے اخراجات میں مدد**

فارمیسی پروگرام میں شامل ہونے کے لیے، آپ کو مالیاتی تشخیص کروانے کی ضرورت ہوگی، بشمول 3 ماہ کے بینک اسٹیٹمنٹس اب اور 6 ماہ میں دوبارہ دینے ہوں گے۔

**ویکسینیشن**

امیونائزیشن نرسیں کیچ اپ ویکسین فراہم کرتی ہیں۔
سالانہ فلو کلینک دستیاب ہے۔ *
* بکنگ درکار ہے۔ مزید تفصیلات کے لیے ہم سے رابطہ کریں۔

**سماعت کی جانچ**

سماعت کی موزوں خدمات کے پاس ریفرل کے لیے مدد۔

**دماغی صحت اور سائیکاٹری**

اگر آپ کے پاس میڈی کیئر نہ بھی ہو تب بھی آپ سائیکاٹرسٹ کو دکھا سکتے ہیں۔ ہمارا ڈاکٹر آپ کے لیے ریفرل لیٹر لکھ سکتا ہے۔

**نرسنگ کیئر**

نرسیں روزانہ دستیاب ہوتی ہیں۔ ہم ASRC ڈاکٹروں کے ساتھ اپائنٹمنٹ بک کر سکتے ہیں یا آپ کو دیگر صحت اور کمیونٹی سروسز کے پاس ریفر کر سکتے ہیں۔

**آنکھوں کی دیکھ بھال**

ہم آنکھوں کا ماہانہ کلینک چلاتے ہیں اور آپ کو رائل کالج آف آپٹومیٹری کے پاس ریفرکر سکتے ہیں۔ ہم چشموں، لینزوں اور فریموں کے لیے 50$ تک کی رقم کی ادائیگی بھی کرتے ہیں۔

**خواتین کا کلینک**

خواتین کی صحت سے متعلق اسکریننگ، معلومات اور خدمات بشمول تولیدی صحت۔

## دیگر خدمات

- **پوڈیاٹری (پیروں کا علاج)**
- **فزیوتھراپی اور اوسٹیو پیتھی**
- **آکو پنکچر**
- **ماہرغذائیات**
- **ذیابیطس (شوگر) کی تعلیم**